بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ

بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ

Bihar State Madrasa Education Board

5, Vidyapati Marg, Patna-800001

فوقانیہ ومولوی امتحانات 2025 کے رجسٹریشن کی تاریخ میں 31 اگست 2024 تک توسیع: عبدالسلام انصاری

پٹنہ 10 اگست 2024

ڈاکٹر محمد نور اسلام کنٹرولر آف اکزامنیشن، بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ نے جناب عبدالسلام انصاری، سکریٹری مدرسہ بورڈ کے حوالہ سے پریس بیان جاری کر تمام ملحقہ مدارس کے پرنسپل رصدر مدرسین رطلبا وطالبات اور گارجین حضرات کو مطلع کیا ہے کہ درجہ فوقانیہ ومولوی امتحانات 2025 کے لئے رجسٹریشن کی تاریخ 10-08-2024 تک مقرر تھی جس کی مدت ختم ہو چکی ہے لیکن بہت سارے ایسے امیدوار ہیں جو کسی وجوہات کی بنا پر ابھی تک رجسٹریشن نہیں کر پائے ہیں ان سبھوں کے ذریعہ دفتر سے گذارش کی گئی ہے کہ رجسٹریشن کی تاریخ میں توسیع کر دی جائے۔ ان کی گذارشات کے ملحوظ نظر جناب عبدالسلام انصاری، سکریٹری مدرسہ بورڈ نے رجسٹریشن کی تاریخ میں مورخہ 11-08-2024 سے 31-08-2024 تک توسیع کرنے کا حکم دیا ہے۔ سکریٹری صاحب کے حکم کے مطابق طلبا وطالبات اب مورخہ 31-08-2024 تک رجسٹریشن کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔

ڈاکٹر محمد نور اسلام، کنٹرولر آف اکزامنیشن نے سبھی امداد یافتہ اور غیر امداد یافتہ مدارس کے ذمہ داران کو ہدایت دی ہے کہ مدرسہ منظوری میں درج شرائط کے مطابق مدارس میں طلبا وطالبات کی تعداد کو یقینی بنائیں۔ کبھی بھی جانچ کے دوران طلبا وطالبات کی تعداد میں کمی پائے جانے پر آپ لوگوں کے مدارس کے خلاف ضابطہ کے مطابق تادیبی کاروائی ہوسکتی ہے۔ وہیں انہوں نے بتایا کہ رجسٹریشن فارم بھرنے میں کسی طرح کی دشواری پیش آتی ہے تو پورنیہ کمشنری سے متعلقہ حضرات متذکرہ نمبرات پر رابطہ کریں گے۔ (7903201622, 7004175443, 9097206791,7004917571,7482034313) وہیں دیگر سبھی کمشنریوں کے متعلقہ حضرات متذکرہ نمبرات پر رابطہ کریں گے (7209386006,8235300798,7033438555)۔ کمشنری وار ہیلپ لائن نمبر پر دفتری اوقات کے درمیان ہی رابطہ کر مسائل کا حل کرا سکتے ہیں۔ صرف درج بالا موبائل نمبر پر ہی رابطہ کریں چونکہ آپ کے مسائل کا حل اس کام میں مامور معاونین ہی انجام دیں گے۔

10.8.2024

(ڈاکٹر محمد نور اسلام)

کنٹرولر آف اکزامنیشن

بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ